بالغ ونابالغ کی اکٹھی نمازِ جنازہ میں کون سی دعا پڑھیں؟

مجیب: مولانا محمد ابوبکر عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3347

تاریخ اجراء: 07 جمادی الاخریٰ 1446 ھ/10 دسمبر 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اگر بالغ ونابالغ کی نمازِ جنازہ ایک ساتھ ہی پڑھی جائے تو اس میں کون سی دعا پڑھی جائے گی، آیا دونوں دعائیں پڑھی جائیں گی یا صرف بالغ کی؟ رہنمائی فرمائیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جب بالغ اور نابالغ کا جنازہ ایک ساتھ پڑھا جائے تو درودِ پاک پڑھنے کے بعد تیسری تکبیر کہہ کر پہلے بالغوں والی دعا پڑھی جائے، پھر نابالغوں والی دعا پڑھی جائے۔ یاد رہے کہ اگر دقت ودشواری نہ ہو تو بہتر یہ ہے کہ ہر میت پر الگ سے جنازہ پڑھا جائے۔

امام اہل سنّت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ سے فتاویٰ رضویہ میں سوال ہوا کہ:

"کتنے میت تک کا جنازہ اکٹھا ہو سکتا ہے اور نابالغ لڑکی یا لڑکے کا جنازہ بالغ کے ساتھ ہو سکتا ہے یا نہیں؟ اگر ہو سکتا ہے تو دعا پہلے بالغ کی پڑھی جائے یا نابالغ کی؟ یا محض بالغ کی دعا نابالغ کے لئے کافی ہو سکتی ہے؟"

اس پر جواباً آپ علیہ الرحمۃ نے فرمایا: "سو دو سو جتنے جنازے جمع ہوں سب پر ایک ساتھ ایک نماز ہو سکتی ہے۔ بالغوں کے ساتھ نابالغوں کی نماز بھی ہو سکتی ہے۔ دونوں دعائیں (یعنی بالغ اور نابالغ والی) پڑھی جائیں، پہلے بالغوں کی پھر نابالغوں کی۔ اور بہرحال اگر دقّت نہ ہو تو ہر جنازے پر جدا نماز بہتر ہے۔" (فتاویٰ رضویہ، ج24، ص199،198،200، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُه اَعْلَم صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net